میاں نثار گل کاکاخیل: سر، سوات سے بھی یہ بات اٹھی، کرک سے بھی اٹھی تو میرے خیال میں منسٹر صاحب کو چاہیئے کہ وہ اگر ایک دن مقرر کرلیں تو اس بندے کو بلالیں، ہو سکتا ہے ہم غلط ہوں، ہو سکتا ہے وہ ٹھیک جارہا ہو لیکن کم از کم ایک میٹنگ ہونی چاہیئے کیونکہ سوات والے بھی یہی بات کہہ رہے ہیں، میں بھی یہی بات کہہ رہا ہوں، ہو سکتا ہے کوئی اور بندہ بھی یہ بات کرے۔

جناب قائم مقام سپیکر: For information of the House میرے خیال میں 15 تاریخ کو سٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ ہے تو جتنے ممبران کی اور Specially اس MNCH project کے بارے میں جو تحفظات ہیں، تو وہ۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ ملتوی ہوگئی ہے، یہ 22 کو ہوگی جو آپ 15 کو کہہ رہے ہیں، یہ ہمارے پاس نوٹیفکیشن ہے کہ یہ 22 کو ڈیفر ہوئی ہے۔

جناب قائم مقام سپیکر: ڈیفر ہوئی ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: ڈیفر ہوئی ہے۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: پندرہ کے بجائے۔

جناب عبدالاکبر خان: چیئرمین نے ڈیفر کی ہے۔

جناب قائم مقام سپیکر: تا سو تاریخ فکس کړې کنه؟

جناب جعفر شاہ: 22 تاریخ کو ہے۔

جناب قائم مقام سپیکر: 22 فروری کو؟

جناب جعفر شاہ: ہاں جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: بس پہ 22 فروری باندے بہ ئے واخلو خیر دے۔

جناب عطیف الرحمان: سپیکر صاحب، یو خبرہ کومہ۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: کہ دے سرہ Relatedوی نو مطلب دا چہ دا خو مونږ کمیټئ تہ ریفر کړو کنہ؟

جناب عطیف الرحمان: یو خبرہ کومہ جی، دے حوالے سرہ۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: خہ حوالے سرہ؟

جناب عطیف الرحمان: ډیرہ مہربانی، جناب سپیکر صاحب۔

جناب قائم مقام سپیکر: No, no,no، میں نے آپ کو فلور نہیں دیا ہے۔ Now I am coming to the agenda، بس ډیر بحث اوشو، آئٹم نمبر 5 پلیز۔اس کے بعد آپ کو موقع دیں گے۔

مسئلہ استحقاق

Mr. Acting Speaker: 'Privilege Motions': Item No. 5. Mr. Israrullah Khan Gandapur, to please move his privilege motion No.132 in the House. Mr. Israrullah Khan Gandapur Sahib, please.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، تھینک یو۔ یہ جو میری پریولج موشن تھی، یہ محکمہ پبلک ہیلتھ کے خلاف تھی اور اس میں بعض آفیسرز کے مگر وہ میرے پاس آئے تھے، انہوں نے میرا مسئلہ حل کرا دیا ہے تو میں اس پر زور نہیں دیتا۔

Mr. Acting Speaker: Withdrawn?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی۔

Mr. Acting Speaker: Withdrawn. Now next one, Mr. Ateef-ur-Rehman, honourable MPA, to please move his privilege motion No. 134 in the House. Mr. Ateef ur Rehman, please.

جناب عطیف الرحمان: ډیرہ مہربانی، سپیکر صاحب۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ اس اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ میں نے مورخہ 9فروری 2011 کو حیات آباد فیز تھری زکواۃ کواٹرز میں جلسہ عام کیلئے وقت دیا تھا۔ میں نے ڈی جی، پی ڈی اے قاضی لئیق کو فون کیا

کہ پی ڈی اے کے متعلقہ اہلکار بمقام حیات آباد فیز تھری زکواۃ کواٹرز میں بھیج دیں کیونکہ میں نے منتظمین جلسہ سے وعدہ کیاہے، انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ مقررہ وقت پر متعلقہ اہلکار موجود ہوں گے لیکن جب میں فیز تھری زکواۃ کواٹرز پہنچا تو بغیر کوئی وجہ بتائے موقع پر پی ڈی اے کا کوئی اہلکار موجود نہ تھا جس سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا اس کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، دا هلته کښې زمونږ Gathering وو، په هغه ځائے کښې د خلقو معمولي معمولي مسائل وو، ما ډی جی، پی ډی اے ته ټیلیفون اوکړو، ما وئیل ډی جی صاحب! مهرباني اوکړه، ستاسو چه کوم متعلقه سټاف دے، تاسو هلته کښې دا راواستوئ۔ حالانکه ما سره ئے Commitment اوکړو چه زه به د هغے نه مخکښې، ستاسو نه مخکښې به ما هلته کښې کسان لیږلي وی او چه د هغه ځائے Related څه مسائل وی، هغه به ان شاء الله مونږ فوری طور باندے تاسو ته حل کړو، هغه خلقو سره ما وعده کړے وه، چونکه جناب سپیکر صاحب، په هغه موقع باندے د پی ډی اے هیڅوک نه وو راغلی نو زما دا گزارش دے چه زما دا تحریک استحقاق د کمیټئ ته حواله شی۔ مهرباني۔

جناب قائم مقام سپیکر: بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور {سینئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب، دا عاطف خان چه کومه خبره اوکړه، دوئ خو دا وئیلی دی چه یره ما هلته جلسه کوله، جلسه کښې او پبلک میټنگ کښې خو زما خیال دے د افسرانو څه ضرورت نه وی خو دوئ چه کومه خبره اوس اوکړه چه هلته داسے څه معمولی لږ ډیر کارونه پکار وو چه هغوی راغلی وے، ما ترینه تپوس کړے دے سپیکر صاحب، هغوی ما ته دا جواب راکړے دے چه مونږ دے ضمن کښې انکوائری کوؤ چه ډی جی آرډرز ورکړی وو هلته ډائریکټر ته، Concerned سړی ته چه خامخا لاړ شئ، هغه نه دے تلے، ولے نه دے تلے؟ د دے انکوائری رپورټ به راشی ان شاء الله، زه به دوئ سره کښېنم او دوئ سره به خبره اوکړم او دوئ به Satisfied کړو ان شاء الله او زما ریکویسټ دے، زما ریکویسټ دے چه دوئ د دا استحقاق واپس واخلی، زه به د دوئ ډیر مشکور یمه۔

جناب قائم مقام سپیکر: ټهیک شوه۔

جناب عطیف الرحمان: تھیک شوہ جی۔

تحاریک التواء

Mr. Acting Speaker: Item No. 6. 'Adjournment Motions': Mr. Abdul Akbar Khan, honourable MPA, to please move his adjournment motion No. 241 in the House. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو جناب سپیکر۔ یہ ایک معمولی سی تحریک التواء ہے جی، کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے جو کہ صوبہ بھر میں شوگر کین سیس کے فنڈ کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ چونکہ شوگر ملیں بہت کم فنڈز اکھٹا کر رہی ہیں جس سے کوئی روڈ نہیں بن سکتا اور کاشتکاروں کو بہت تکلیف ہے، اس لئے کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

جناب سپیکر، یہ بہت Simple سی ایڈ جر نمنٹ موشن ہے، یہ شوگر ملز جو ہیں، وہ شوگر کین سیس کا فنڈ پچیس پیسے فی من اکٹھا کر رہی تھیں، میرے خیال میں اب Fifty paisa ہو گیا ہے لیکن آپ دیکھیں، ابھی پچاس لاکھ پر ایک کلو میٹر روڈ بنتا ہے تو پچاس پیسے فی من اگر وہ یہ فنڈ دیتی ہیں گورنمنٹ کو، تو اس سے میرے خیال میں سارے صوبے میں ایک کلو میٹر یا دو کلو میٹر سے زیادہ روڈ نہیں بن سکتا اور چونکہ یہ فنڈ Basically create اس لئے کیا گیا تھا کہ وہ علاقے جہاں پر شوگر کین پیدا ہوتا ہے، اسی علاقے میں جب روڈز کی حالت خراب ہو گی تو اسی فنڈ سے وہ روڈز بنائے جائیں گے، اس لئے میری حکومت سے یہ درخواست ہے کہ 1960 میں یہ فنڈ مقرر ہوا تھا، یہ جو ریٹ ہے، تو اب شوگر ملز جو کہ ابھی Hundred سے Above پر من لے رہی ہیں تو کم از کم اس کو ایک روپیہ فی من کیا جائے تاکہ اس سے کچھ روڈز بن سکیں۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب منسٹر صاحب۔

جناب محمد شجاع خان وزیر (خوراک): شکریہ۔ جناب سپیکر، عبدالاکبر خان نے جس طرف توجہ دلوائی ہے، یہ جو شوگر سیس ہے، پچیس پیسے اس میں زمیندار سے اور پچیس پیسے مل والوں سے یہ ٹیکس Collect ہوتا تھا۔ پچھلے مہینے میٹنگ میں 100 percent اضافہ کر کے اس کو ایک روپیہ کر دیا گیا ہے اور جس طرح یہ کہہ رہے تھے کہ ان پیسوں سے بہت مشکل تھا کہ کسی روڈ کی تعمیر ہو، تو اس کو خرچ کرنے کا طریقہ کار اس

طرح تھا کہ پہلے ڈپٹی کمشنر اور ڈی سی اوز نے نمائندے رکھے ہوئے تھے اور اسی ہاؤس میں جب یہ بات سامنے آئی کہ ان پیسوں کا کبھی کچھ پتہ نہیں چل سکتا تو اس کو اس دفعہ Revise کیا گیا ہے کہ جس طرح ٹوبیکو سیس ہے یا جس طرح نیٹ ہائیڈل پرافٹ کے پیسے جا رہے ہیں، اسی طرح سمری چیف منسٹر صاحب کو ہم نے بجھوادی ہے کہ شوگر سیس کے جو پیسے ہیں، ایم پی ایز نشاندہی کریں اپنی سکیمز کی، تاکہ ان کے درمیان وہ ہو سکے۔ تو پچھلے سال جو۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر، میں پوچھتا ہوں کہ کیا منسٹر صاحب۔۔۔۔۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> مسٹر عبدالاکبر خان، جی پلیز۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> کیا منسٹر صاحب کچھ بتا سکتے ہیں کہ کتنے پیسے اس وقت شوگر کین کے۔۔۔۔۔

<u>وزیر خوراک:</u> پچھلے سال کوئی ایک کروڑ انچاس لاکھ روپے۔۔۔۔۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> منسٹر صاحب۔

<u>وزیر خوراک:</u> پچھلے سال کوئی ایک کروڑ انچاس لاکھ روپے جمع ہوئے تھے اور اس Increase کے بعد، کیونکہ یہ Increase ابھی کی گئی ہے اور ابھی تک یہ شوگر سیس مکمل طور پر جمع نہیں ہوا ہے تو یہ کوئی تقریباً دو کروڑ سے ڈھائی کروڑ کے درمیان یہ پیسے انشاءاللہ جمع ہونگے۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Next one, Ms. Nighat Yasmin Orkzai, the honourable MPA, to please move her adjournment motion No. 246 in the House.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں ایک نہایت اہم اور فوری مفاد عامہ سے متعلق امر کی جانب ایوان کی توجہ مبذول کروانا چاہتی ہوں اور وہ یہ کہ سوئی نادرن نے بھی واپڈا کی طرح عوام کو ستانے کا وطیرہ اختیار کرنا شروع کیا ہے، حالانکہ قبل ازیں سوئی نادرن کے دست بد سے بظاہر لوگ محفوظ تھے لیکن اب گیس لوڈشیڈنگ اور گیس کے کم دباؤ کے باوجود اس کے اٹکل پچو پر بھاری بلوں نے لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے جو بادی النظر میں اپنی شاہ خرچیوں میں اضافہ کرنے اور عوام کی پریشانی اور اذیت میں مبتلا کرنے کے ساتھ ساتھ موجودہ وفاقی حکومت کو بھی بدنام کرنے کا شاخسانہ لگتا ہے، لہذا ایوان کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر صاحب، بہت مختصراً طور پر میں یہ بتانا چاہونگی کہ جیسے واپڈا جو ہے تو وہ اپنا خسارہ پورا کرنے کیلئے، اپنے Losses پورے کرنے کیلئے ایک عام آدمی، اگر کسی گھر میں ایک بلب ہوتا ہے یا ایک پنکھا چلتا ہے تو اس پر بھاری بلز جو ہیں، بھیج دیئے جاتے ہیں۔ اسی طرح اب ہمارے خیبر پختونخوا کے لوگ جو کہ کتنے ہی مسائل میں گرفتار ہیں، اس محکمے نے بھی اب یہ کام کرنا شروع کر دیا ہے کہ اگر کسی کے گھر میں ایک ہیٹر ہے تو ان کے گھر میں ایک غریب آدمی جو کہ بہ ظاہر تین ہزار روپیہ ماہانا کماتا ہے تو وہ پانچ ہزار یا چھ ہزار یا سات ہزار روپے اس سوئی گیس کی مد میں کیسے اپنا بل دے گا؟ اور اگر نہیں دے گا تو اس کا میٹر کاٹ دیا جائے گا۔ آپ کے توسط سے میں حکام بالا تک یہ بات پہنچانا چاہتی ہوں کہ مہربانی کریں اور اس خیبر پختونخوا کے ان غریب عوام پر یہ جو بوجھ ہے، اس کو کم کریں اور جو اتنے بھاری بھرکم بلز آرہے ہیں، مطلب اگر ایک ہیٹر ہے یا ایک گیس کا چھوٹا سا چھولہا جل رہا ہے تو اس پر ہزاروں روپے کے جو بلز آرہے ہیں تو اس مد میں جناب سپیکر صاحب، کچھ کارروائی کی جائے۔

جناب قائم مقام سپیکر: ښوک به جواب ورکوی، بشیر بلور صاحب! تاسو به ورکوئ؟

سینیئر وزیر (بلدیات): ښنګه چه دوئ دا خبره اوکړه، مونږ دوئ سره Agree کوؤ خو دا به بیا هم ریکویسټ اوکړم، تاسو دا جی ایم دلته رااوغواړئ خپل دفتر ته چه هغوی سره خبره اوشی چه دا ولے دلته زیاتے کیږی؟ او پکار نه ده چه دلته لوډ شیډنګ اوشی او پکار نه ده چه دلته خلقو ته تکلیف اورسی۔ مونږ خو دے نه انکار نه کوؤ چه دوئ څه اووئیل، مونږ به ورسره Accept کړو او دا جی ایم تاسو رااوغواړئ او هغوی سره مونږ هم رااوغواړئ او دوئ به ورسره هم کښینی او خبره به پرے اوکړو چه دے به څه حل کوؤ؟

جناب قائم مقام سپیکر: ما وئیل که تاسو ئے پخپله رااوغواړئ نو ښه به نه وی؟

(قہقہہ)

سینیئر وزیر (بلدیات): جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: چه ګورنمنټ ئے پخپله رااوغواړی او مطلب دا دے چه دوئ کښینی او دا اوشی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب، میں بڑی دیر سے آپ کی توجہ لے رہا تھا۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: محمد جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی میں آپ کو ڈسٹرب نہیں کرنا چاہ رہا تھا، میں یہاں Wait کر رہا تھا۔ ایک عرصے سے میری ایک ایڈ جرنمنٹ موشن یہاں پر پڑی ہے اور مجھے آج خدشہ بھی ہے اور یقین بھی ہے کہ شاید یہ اجلاس آج آپ ختم کر دیں گے، وہ ایڈ جرنمنٹ موشن بہت ضروری تھی، اگر وہ پہلے ڈسکس ہو جاتی، لاہور میں تین آدمی ریمنڈ ڈیوس کے ہاتھوں مرے ہیں۔ جب بھی ہم کوئی ایڈ جرنمنٹ موشن یہاں لے کر آتے ہیں کہ جج کے متعلق بات کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ جناب یہ فیڈرل ایشو ہے، ہم کہتے ہیں کہ یہاں ڈرون اٹیکس ہو رہے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ یہ فیڈرل ایشو ہے، میں نے یہاں کہا تھا کہ یہاں اس صوبے میں بلیک واٹر ایجنسی کے لوگ اسلحہ لے کر گھوم رہے ہیں، ان کے پاس اسلحہ ہے، ان لوگوں نے یہاں گھر لیے ہوئے ہیں، اتنی بڑی تعداد میں وہ لوگ یہاں آئے ہوئے ہیں، جناب سپیکر، میری ریکویسٹ ہے، میں کئی دفعہ چلا چلا کر اس اسمبلی میں کہہ چکا ہوں کہ ہماری ایڈ جرنمنٹ موشنز جو ہیں، وہ اس اسمبلی میں پڑی ہیں۔ ایک دفعہ مجھے واپس کی گئی ہے تو میں نے دوبارہ جمع کی ہے، ہمارے پاس اور کوئی فورم موجود نہیں ہے کہ ہم جا کر یہ بات ڈسکس کریں، نیشنل اسمبلی میں اگر کرنی ہے تو نیشنل اسمبلی کے ممبرز کریں گے لیکن اگر ایک امریکن کو بچانے کیلئے پوری امریکن حکومت جو ہے، وہ کھڑی ہو گئی اور وہ کہتی ہے کہ جن نے تین آدمیوں کا قتل کیا ہوا ہے، وہ ہمارے حوالے کر و لیکن یہاں ڈپلومیٹ کے روپ میں اور یہاں بلیک گاڑیوں میں ان کے آدمی گھوم رہے ہیں، ان کے پاس اسلحہ ہے، اتنے بڑے گھر لیے ہوئے ہیں اور ہم اس کو ڈسکس نہیں کر سکتے کہ یہ بلیک واٹر ایجنسی کے لوگوں کو پاسپورٹ کیوں دیئے گئے ہیں اور وہ کون لوگ ہیں اور وہ لوگ یہ کارروائی کیوں کرتے ہیں؟ اگر اس طرح ہم ڈرتے رہے، ہم ان کے متعلق بات نہ کرتے رہے، ہم ان کو ڈسکشن میں نہ لاتے رہے تو پھر ایک دن آ جائے گا کہ وہی جو لاہور میں ہوا ہے، وہ تمام ایریاز میں ہو گا اور میں سمجھتا ہوں کہ آج وقت ہے اور آپ بیٹھے ہوئے ہیں، میری اس ایڈ جرنمنٹ موشن کو آج لایا جائے، ہاؤس اس کو ڈسکس کرے گا کہ واقعی بلیک واٹر ایجنسی موجود ہے تو اس کو کون پاسپورٹ دیتا ہے؟ پاسپورٹ دیتا ہے تو ان کا کام

کیا ہے ؟ اگر ان کا کام ہے کہ وہ اجرتی قاتلوں والا کام یہاں پر ایک دفعہ پھر شروع کریں گے، اسلحہ لے کر گھومیں گے، ان کا کوئی اور ایجنڈا ہو گا جو کہ اس ملک کی سالمیت کے خلاف ہے، جناب سپیکر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب قائم مقام سپیکر: نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، جاوید عباسی صاحب نے جو بات کی ہے، میں اپنی ذات کے متعلق بات کرونگی کہ یا تو میں بہت نااہل ہوں کہ امریکہ سے ڈرتی ہوں یا امریکہ کی تنخواہ لیتی ہوں کہ ہم پر یہ دباؤ موجود ہوتا ہے کہ ہم اس فورم پر یہ بات نہیں کرتے۔ جاوید عباسی صاحب نے تین لوگوں کی بات کی ہے کہ ان لوگوں کو مارا گیا ہے، ان کو شہید کیا گیا ہے، وہ تین نہیں تھے، وہ چار تھے کیونکہ ایک شخص فہیم نام کا جو اس کے ہاتھوں شہید ہوا ہے، اس کی بیوہ نے بھی خودکشی کر لی ہے اور اس نے برملا کہا ہے کہ پاکستان کی حکومت سے مجھے انصاف کی توقع نہیں ہے اور یہ بندہ امریکہ کے حوالے کر دیا جائے گا۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہاں اس فلور سے یہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ اگر امریکہ اتنا ہی انصاف والا ہے اور اگر امریکہ اتنا ہی اصول پرست ہے اور اگر وہ اپنے بندے کیلئے مطالبہ کرتا ہے کہ ہمارا بندہ واپس کر دیا جائے، وہ دن دیہاڑے تین لوگوں کو مار دیتا ہے اور چوتھا ایک کی بیوہ وہ خودکشی کر لیتی ہے تو پھر میں امریکہ سے یہ مطالبہ کرتی ہوں کہ وہ ڈاکٹر عافیہ نے بھی اپنے Self defense میں گولی چلائی تھی تو وہ ڈاکٹر عافیہ کو ہمارے حوالہ کرے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہ تو آپ کی حکومت۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بالکل، آپ بھی امریکیوں کے، امریکہ کے لوگ کھڑے ہو گئے ہیں، امریکہ کو Defend کرنے کیلئے کھڑے ہو گئے ہیں، امریکہ کو Defend کرنے کیلئے یہ کھڑے ہو گئے ہیں۔ یہ امریکہ کو Defend کرنے کیلئے عبدالاکبر ہمیشہ کھڑے ہو جاتے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میری بات سن لی جائے۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: بشیر بلور صاحب۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب، یو خو دا ده چه ایجنډا پاتے ده او زما ریکویسټ هم تا سو ته دا دے چه نن یو بجه د اجمل صاحب فنکشن دے نو زما دا ریکویسټ دے، زه نه غواړم چه تلخی پیدا شی خو اورکزئی صاحبے چه کومه خبره اوکړه، دا یوټرن خو نائن الیون کښے خلقو اغستے وو، دا خو د دوئ حکومت وو چه دا خلق دلته راغلی دی، (تالیاں) زمونږ په حکومت کښے خو نه دی راغلی، دا خو د جنرل مشرف دوئ په وخت کښے دا خلق راغلی دی، دا خو ټوله تباهی هغوی جوړه کړه۔ که چرے دوئ یوټرن نه وے اغستے، امریکے سره نه وے ولاړ، دا ډرون حملے به نه کیدے، دوئ خپل جهازونه خپلے اډے ورله ورکړے دی، پنجاب کښے ټولے اډے هم د دوئ حکومت ورکړے وے، دا مونږه باندے (تالیاں) Blame لګوی، مونږ خو بیا هم ورته ولاړ یو او دا وایو چه دا کیس په عدالت کښے دے، عدالت چه هر څه فیصله کوی نو دا حکومت به ئے هم منی او مرکزی حکومت به ئے هم منی۔ مونږ ئے Condemn کوؤ، دا خو د دا سے خبرے نه کوی۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Acting Speaker: Now coming to item No. 9, 'Call Attention Notices': Mr. Gohar Nawaz Khan, honourable MPA, to please move his call attention notice No. 490 in the House. Not present, it lapses. Haji Ghulam Muhammad, honouralbe MPA, to please move his call attention notice No. 949 in the House. Mr. Ghulam Muhammad, please. Ghulam Muhammad Sahib.

جناب غلام محمد: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ گزشتہ سال کے بد ترین سیلاب کی وجہ سے بالعموم ملاکنڈ ڈویژن اور بالخصوص ضلع چترال میں سول چینل کے ہیڈ زبری طرح متاثر ہوئے جس کے نتیجے میں اس وقت چاول اور جوار کی فصلیں تباہ ہوئیں اور اس طرح سیب کے باغات کو پانی نہ ملنے کی وجہ سے تباہ ہوگئے ہیں۔ حکومت کی جانب سے Irrigation Flooded Division کو یہ ہدایت جاری ہوئی تھی کہ متاثرہ سول چینل کیلئے پی سی ون تیار کیا جائے، پی

سی ون تیار ہوااور ابھی تک صوبائی حکومت نے یہ سکیمیں منظور نہیں کیں۔ چونکہ مارچ میں دوبارہ نالوں میں پانی آئے گااور اس سال بھی یہ فصلیں تباہ ہونے کااندیشہ ہے، لہذامیری حکومت سے استدعاہے کہ جلد سے جلد یہ سکیمیں منظور کرائی جائیں تاکہ عوام میں جو بے چینی پائی جاتی ہے، وہ ختم ہوسکے۔

جس دن بارہ تاریخ کو قائمہ کمیٹی کا اجلاس ہو رہا تھا، جس میں آپ خود بھی تشریف فرما تھے اور میں نے یہ پوائنٹ ادھر بھی Raise کیا تھا۔ جناب سپیکر، ابھی وقت ہے کیونکہ پندرہ مارچ کے بعد گلیشئر کا پانی دوبارہ ان نالوں میں آجائے گا اور یہ ہیڈز دوبارہ خراب ہوں گے۔ اب میں یہ تجویز دیتاہوں کہ اگر حکومت کے پاس سول چینل کی بحالی کیلئے کوئی دوسرا آپشن ہے تو میں یہ Suggestion دیتاہوں، یہ تجویز دیتاہوں کہ کم از کم چینل کے ہیڈز گورنمنٹ بنائے اور باقاعدہ جو Earth work ہو گا یا آگے لیجانے کا کام ہو گا، وہ عوام خود کرنے کیلئے تیار ہیں، لہذا بشیر بلور صاحب تو تشریف رکھتے ہیں، وہ ہمیں اس کا صحیح جواب دیں۔

جناب قائم مقام سپیکر: Minister concerned تو نہیں ہیں، آپ جواب دیں گے۔ بشیر بلور صاحب، ستا سو یو وزیر هم نشته سر ؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب، دا غلام محمد خان چه کومه خبره اوکړه، زه مکمل ده سره اتفاق کوم او دا تې بریک کښے به ټیلی فون اوکړم پی اینډ ډی والو ته چه دا پی سی ون تیار دے نو په دے کار ولے نه شروع کوئ؟ ایریګیشن والو سره به هم خبره کوم ان شاءالله او د دوئ دا بالکل ټهیک خبره ده چه هلته ضرورت دے، دا د زر تر زره اوشی نو خبره کوؤ چه زر تر زره دا ان شاءالله اوشی۔

جناب غلام محمد: سر، سی ایم صاحب کو بھی Summary put کی ہے، آپ سی ایم سے بات کریں کہ وہ جلد سے جلد یہ نمٹائیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں نے جیسے عرض کیا، معافی چاہتاہوں کہ میں نے جیسے عرض کیااور آپ نے جو فرمایاتو وہ میں نے کہاہے کہ میں پی اینڈ ڈی والوں سے بھی پوچھتاہوں، پی سی ون جب تیار ہے، ایری گیشن

ڈیپارٹمنٹ سے بھی پوچھتا ہوں کہ اس پر کام کیوں نہیں ہوا؟ انشاءاللہ جلد سے جلد کام کرائیں گے اور اگر آپ کا کوئی بھی پرابلم ہو، آپ ٹی بریک میں بیٹھیں، انشاءاللہ اس کو حل کریں گے۔

Mr. Acting Speaker: Mr. Sher Shah Khan, honourable MPA, Mr. Rahmat Ali, the honourable MPA, Mr. Jafar Shah, MPA and Mr. Waqar Khan, MPA, to please move their joint call attention notice No. 495 in the House. Mr. Sher Shah Khan, please.

جناب شیر شاہ خان: شکریہ، سپیکر صاحب۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ضلع سوات کے کوٹہ میں مقامی امیدواروں کیلئے 250 پولیس کانسٹیبلز کی آسامیاں مختص ہیں جن پر مقامی امیدوار جو کہ معیار پر پورا اترتے ہوں، انٹرویوز کرکے بھرتی کیا جانا تھا۔ ابھی معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ آسامیاں ضلع تورغر کو شفٹ کی جارہی ہیں جو کہ سوات کے لوگوں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ حکومت اس کی وضاحت فرمادے اور یہ کہ ان آسامیوں پر ضلع سوات کے امیدواروں کو بھرتی کیا جائے۔

یو منټ، یو منټ۔ سپیکر صاحب، یو منټ د پاره د خبرے اجازت راکړئ۔۔۔۔

Mr. Acting Speaker: Please go.

جناب شیر شاہ خان: جی دا زمونږ د سوات پولیس کښے بهرتی وه، یو 250 پوسټونه پاتے دی، زمونږ دا ګیله نشته چه تور غر له د ایک هزار پوسټونه ورکړی خو زمونږ په سوات کښے چه کوم حالات تیر شوی دی یا چه کومه دهشت ګردی تیره شوے ده، د هغے په مناسبت سره چه دا 250 پوسټونه هلته نه ډک شی، مونږ وایو چه دا هم کم دی، پکار ده چه صوبه نور پوسټونه هلته کښے مختص کړی او هلته زیات پوسټونه ورکړی ځکه چه دا آرمی زمونږ تلو والا ده او پولیس ډیپارټمنټ کښے چه کوم سړے بهرتی شی، هغه نهه میاشتے بیا ټریننګ کوی او ټریننګ چه کوی نو د هغے نه بعد بیا سوات ته راځی نو زمونږ ګزارش دا دے، د سوات د ایم پی ایز چه یره زمونږ دا 250 کسان چه کم از کم خو بهرتی شی، که نوره اضافه کوی او که نه کوی خو دا چه کم از کم بهرتی شی۔ ډیره مهربانی۔

جناب قائم مقام سپیکر: تاسو څه وایئ؟

جناب وقار احمد خان: نہیں سر، یہ کافی ہے۔

جناب قائم مقام سپیکر: Sufficient، ٹھیک دہ۔ بشیر صاحب! د دوئ دا۔۔۔۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب، دا چہ کوم د دوئ خپل کال اٹینشن نوٹس دے، دا دوئ سرہ ما خبرہ کڑے وہ، نو ما دا خبرہ ہلتہ ډی آئی جی سرہ اوکڑہ، سپیشل فورس ہم ٹولو نہ زیات دوئ تہ ورکڑے شوے دے، دوئ د خالی ما تہ دا اوبنائی چہ د دوئ د یو ایم پی اے حلقہ کبنے یا یو یونین کونسل کبنے څومرہ څومرہ کسان د دوئ بھرتی شوی دی؟ آرمی ہم ہلتہ شتہ، اوس ئے ہم بجٹ پاس کڑے دے، مونږ سرہ دے وخت کبنے داسے بلہ ذرائع نشتہ چہ مونږ دا دوہ نیم سوہ کسان چہ کوم دی، دا مونږ تور غر تہ پہ دے لیږو چہ ھغہ نوے ډسٹرکٹ جوړ شو، مونږ کوشش کوؤ چہ Next Financial Year دوئ تہ دا ہم ورکوؤ خو فی الحال مونږ سرہ داسے څہ گنجائش نشتہ، مونږ دے حالاتو کبنے دا خپل بجٹ Revise کولے ہم نہ شو نو پہ دے وجہ باندے دا دوہ نیم سوہ چہ کوم سینکشن شوی دی، ھغہ صرف Temporary غوندے پوسٹونہ دی، دا مونږ ہلتہ ٹرانسفر کوؤ او دا تقریباً زما خیال دے چہ زہ اوس خبرہ نشم کولے چہ څومرہ د دوئ یو یو یونین کونسل کبنے ایلیٹ فورس وو، څومرہ د دوئ ہلتہ ھغہ Temporary فورس وو، ھغہ مو ټول د دوئ پہ وینا اغستی دی خو ہلتہ آرمی موجود دہ، داسے ہیڅ دوئ تہ پرابلم نشتہ، دوہ نیم سوہ کسانو باندے ملاکنډ ډویژن تہ ہیڅ پرابلم نہ جوړیږی۔ دوئ سرہ ہلتہ فورس شتہ او دا مونږ تہ، د حکومت مجبوری دہ، پکار دہ چہ زمونږ مجبورئ تہ دوئ لږ غور اوکړی، مونږ تہ ہلتہ دے وخت کبنے، مونږ بجٹ کبنے امنډمنټ نہ شو کولے، پہ دے دا خواست کوم چہ دا د دوئ Attention وو، مونږ تہ منظور دے، ان شاءاللہ دے باندے بہ غور کوؤ۔

جناب قائم مقام سپیکر: ٹھیک شوہ، ٹھیک شوہ۔

جناب شیر شاہ خان: سپیکر صاحب، دا د ملاکنډ ډویژن نہ دی۔

جناب قائم مقام سپیکر: شیر شاہ خان۔

جناب شیر شاہ خان: سپیکر صاحب، دا پوسٹونہ صرف د سوات دی، دوہ نیم سوہ پوسٹونہ چہ دی، ھغہ صرف د سوات دی، د ملاکنډ ډویژن نہ دی۔ یو گزارش مو

دا دے او بل گزارش مو دا دے ، دا ٹھیک دہ چہ د ٹولے صوبے خلقو بہ قربانی ورکڑی وی خو د سوات د خلقو د وینو لختی بھیدلی دی نو زہ خو وایم چہ دا دوہ نیم سوہ نہ، چہ دوہ نیم زرہ ورلہ دا صوبہ ورکڑی، دا خو دوہ نیم سوہ دی چہ دا دوہ نیم زرہ کڑی، فی الحال زمونږ دا دوہ نیم سوہ پوسٹونہ دی، ھلتہ خلق د دے پہ طمع دی، خلق انٹرویوز تہ تلی دی نو چہ کم از کم دا بحال کڑی۔ حکومت د تور غر تہ پینځہ سوہ نہ، زر پوسٹونہ د ورتہ ورکڑی خو زمونږ دا دوہ نیم سوہ پوسٹونہ د ھلتہ بحال کڑی جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، زما عرض دا دے چہ دوئ د حکومت توجہ مبذول کڑہ او حکومت وائی چہ مونږ بہ گورو چہ څہ کیدے شی نو ھغہ بہ کوؤ۔ بس د دے نہ پس نور څہ داسے خبرہ کہ وی نو بیا د سوال راوړی، د ھغے بہ جواب ورکړو۔

جناب قائم مقام سپیکر: ٹھیک دہ۔ نصیر محمد خان ، نصیر محمد میداد خیل۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں آپ کی توجہ چاہوں گا۔ سر، میں نے ایک پریویلج موشن یہاں پر غلط جواب دینے پر پیش کی تھی جس کو پینڈنگ رکھ دیا گیا تھا۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: یہ کس وزارت سے ہے؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: یہ وزارت کھیل اور ثقافت کے بارے میں ہے۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: اچھا۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: اور وہ ہمارے ڈسٹرکٹ لکی مروت میں جو کمیٹی تھی، جنہوں نے وہاں پر Employment کی تھی اور غلط جواب دینے پر پھر اس کو پینڈنگ رکھ دیا گیا تھا، خوش قسمتی سے آج صبح وزیر کھیل وثقافت تشریف لائے تھے لیکن اس وقت پھر وہ یہاں پر موجود نہیں ہیں تو میری درخواست ہے کہ اس پریویلج موشن کو کل کیلئے رکھ دیا جائے۔

آوازیں: آج اجلاس ختم ہو رہا ہے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: اگر آج اس کو پھر، آج رکھ دیں تو پھر۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: اس سلسلے میں۔۔۔۔۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: ٹھیک ہے، میں آپ کو ٹائم دے دیتا ہوں۔ نصیر محمد صاحب! For your kind information، دا تاسو پیش کړے وو او په دے باندے ووټنګ هم شوے وو او دا بیا Defeat شوے وو۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: دا بیا پینډنګ اوساتلے شو۔

جناب قائم مقام سپیکر: هں جی؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: پینډنګ اوساتلے شو جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: پینډنګ نه وو، دا ما اوکتلو۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: پینډنګ وو جی، دلته پینډنګ وو او په هغه وخت باندے منسټر اووئیل چه دا به مونږ پینډنګ اوساتو نو مونږ ورته اووئیل چه پینډنګ ئے اوساتئ۔ فیصله پرے نه ده شوے جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: دا ګوره، دا ستا چه کوم دغه دے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: نو که تاسو په خپل کتاب کښے ور باندے فیصله لیکلے وی، هغه خو بیله خبره ده جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: 5 جنوری 2011 باندے تاسو پیش کړے وو او بیا مطلب دا Defeat شوے دے په 13 جنوری 2011 باندے، دا اوس زما سیکرټریټ خو دروغ نه شی وئیلے۔ بهئی مطلب دا دے چه It has been defeated now۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر، دلته چه دا موجود وو، مونږ ته هغه وخت کښے لاء منسټر صاحب په دے باندے جواب راکړے وو۔

Mr. Acting Speaker: Now coming to the next item, item No. 8.

Mr. Sardar Hussain Babak Sahib, قاضی صاحب نہیں ہیں، آپ ان کے وہ کر لیں گے۔ honourable Minister for Elementary and Secondary Education on behalf of Qazi Muhammad Asad, Minister for Higher Education, to please move his resolution under Article 128 (2) regarding

extention in the Khyber Pakhtunkhwa, Iqra National University Ordinance, 2010, Ordinance No. (IX), sorry (VII) of 2010. Honourable Minister Sardar Hussain Babak Sahib, please.

نکتہ اعتراض

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر سر، جو رولز میں لکھا گیا، رول (2)124 میں، میں آپ کی توجہ اس کی طرف دلانا چاہتا ہوں، “A Minister, who wishes to move a resolution, shall give three days’ notice of his intention to do so and shall submit, together, with the notice a copy of”-----

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Please refer to the rule, which rule are you reading?

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> 124 (2).

<u>Mr. Acting Speaker:</u> One fourty ?

<u>Minister for Elementary and Secondary Education:</u> 124.

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> 124 (2).

<u>Mr. Acting Speaker:</u> 124. ایک منٹ میں دیکھتا ہوں، Yes please, read out.

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> A Minister who wishes یہ پہلے والا جو ہے، یہ تو پرائیویٹ ممبر کیلئے، میں Concerned کیلئے جو Specific ہے، اس کی طرف آتا ہوں: “A Minister, who wishes to move a resolution, shall give three days’ notice of his intention to do so and shall submit, together, with the notice a copy of the resolution which he intends to move” ایک تو سر، Three days نوٹس کیلئے ان کا وہ ہے۔ دوسرا جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ ایک Important point کی طرف دلانا چاہتا ہوں، یہ رول 22 جو ہے پھر خاص کر آپ 24 کا دیکھیں۔

“24 List of Business. - (1) A list of Business for each day shall be prepared by the Secretary and a copy thereof shall be made available for the use of every Member and other person entitled under the Constitution to take part in the proceedings of the Assembly.

(2) Save as otherwise provided in these rules:-

(a) the business for the day shall be transacted in the order in which it appears in the List of Business for that day;

(b) no business, not included in the List of Business

سر، میرا جو Main stress ہے، وہ اسی پر ہے کہ No business, not included in the List of Business, shall be transacted at any sitting, except Business of a formal or ceremonial nature which may be permitted by the Speaker”۔ جناب سپیکر، صرف Ceremonial اور اس کیلئے بھی آپ کی اجازت کی ضرورت ہو گی کہ اگر Ceremonial کیلئے بھی کوئی ممبر لسٹ آف بزنس دینا چاہے لیکن سر، یہ تو اضافی ایجنڈا ہمارے پاس آیا ہے، اس کا (c) جو ہے “(c) no business requiring notice shall be set down for a day earlier than the day following the day on which the period of the notice necessary for that class of business expires”.۔

اب جناب سپیکر، جو (2) 124 میں Three days کا ہے، یہ پھر Bind کرتا ہے کہ جب وہ تین دن نوٹس کا ٹائم پورا نہیں ہو گا تو۔۔۔۔۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: آپ ذرا رول نمبر 248 دیکھیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: سر۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: رول 248 میں جو ہے، With the approval of the Speaker اور اس میں آپ رول 241 کے تحت Empower اور مطلب ہے اس کی Approval سے ہوا ہے، یہ ٹھیک ہے، آپ رول 241 پڑھ لیں۔ سردار صاحب، پڑھ لیں، میں نے رولنگ دیدی ہے، میں نے کر لیا فلور اس کیلئے، سردار حسین بابک صاحب، پلیز۔

مسودہ قانون بابت اقراء نیشنل یونیورسٹی مجریہ 2010 کی مدت میں توسیع

<u>Mr. Sardar Hussain (Minister for Elementary and Secondary Education):</u> Thank you, Mr. Speaker. On behalf of Minister Higher Education, I beg to move that I may be allowed to move a resolution for extension in Iqra University Ordinance, 2010.

<u>Mr. Acting Speaker</u>: The motion before the House is that the resolution moved. آپ موو کر لیں نا، پھر اس کے بعد۔

<u>Minister for Elementary and Secondary Education:</u> Thank you. In view of proviso to sub clause (2) of Article 128 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the Provincial Assembly of the Khyber Pukhtunkhwa hereby resolves that the Iqra National University Ordinance, 2010 (Khyber Pukhtunkhwa Ordinance No.

VII of 2010), which expires on 22-02-2011, shall be extended for a further period of ninety days with effect from the date of expiry of the aforesaid Ordinance. Thank you.

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by honourable Minister Education regarding extension in period of Iqra National University Ordinance, 2010, Khyber Pukhtunkhwa Ordinance No. VII of 2010 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The extension period is granted.

Mr. Abdul Akbar Khan: Point of order, Sir; point of order.

مجلس قائمہ برائے منصوبہ بندی وترقیات کی رپورٹ کی مدت میں توسیع

Mr. Acting Speaker: One minute. Item No. 9: Mr. Muhammad Zamin Khan, MPA/Chairman, Standing Committee No. 20 on P&D, to please move for extension in period for representation of the report of the Committee under rule 185 (1) of the Procedure and Conduct of Business Rules. Muhammad Zamin Khan.

اس کے بعد آپ کو ٹائم دیتا ہوں۔

Mr. Muhammad Zamin Khan: Thank you, Mr. Speaker.

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہوں۔

جناب قائم مقام سپیکر: اس کے بعد، میں نے اب ان کو فلور دیا ہے پلیز۔

Mr. Muhammad Zamin Khan: Sir, I beg to move under sub rule (1) of rule 185 of the Provincial Assembly, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, that the time for presentation of the report of Standing Committee No. 20 on Planning and Development Department may be extended till date and I may be allowed to present the report in the House. Thank your, Sir.

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that extension may be granted to the honourable Chairman of Standing Committee No. 20, to present the report of the Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The'Ayes' have it. The extension period is granted.اب بتائیں؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ رول 241 میں جو Residuary power ہے، وہ اسی وقت Exercise کرتے ہیں، جب Specific provision نہ ہو تو آپ ذرا اس کو، میں پڑھتا ہوں سر۔

"241.Residuary powers of the Speaker. - Any matter arising in connection with the business of the Assembly and its Committees, for which no specific provision exists in these rules,"

جناب سپیکر، یہ Exercise سپیکر اس وقت کرتا ہے، جب Specific provision نہ ہو، میں جو رول 24 Quote کر رہا ہوں تو وہ Specific Provision ہے اور وہ تو Specific rule ہے، اس پر آپ Exercise Residuary powers نہیں کر سکتے۔

جناب قائم مقام سپیکر: آپ دیکھیں، آپ رول 204 بھی دیکھ لیں، ذرا پڑھ لیں۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: یہ رول 204 جو ہے-----

جناب قائم مقام سپیکر: بشیر صاحب، آپ درست فرماتے ہیں لیکن جس طرح میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ ہم اس اسمبلی کو رولز کے مطابق اور ہم ان کو موقع دے دیتے ہیں، ہمارے ذہن میں نالج ہے، ہم ویسے نہیں بیٹھے ہیں، ہم ہر ایک کو جانتے ہیں اور ایسی بات نہیں، جس طرح وہ جواب دیں گے تو ہم بھی جواب دیں گے، یہ نہیں کہ میں نے رولنگ دے دی، ہم اس کو دیں گے۔

مجلس قائمہ برائے منصوبہ بندی و ترقیات کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Acting Speaker: Now coming to next one, item No. 10: Mr. Muhammad Zamin Khan, honourable MPA / Chairman Standing Committee No. 20 on P&D, to please present the report of the Committee in the House.

Mr. Muhammad Zamin Khan: Thank you, Mr. Speaker. I beg to present the report of the Standing Committee No. 20 on Planning and Development Department in the House.

Mr. Acting Speaker: It stands presented.

مجلس قائمہ برائے منصوبہ بندی و ترقیات کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Acting Speaker: Item No.11: Mr. Muhammad Zamin Khan, honourable MPA / Chairman Standing Committee No. 20 on P&D, to please move that the report of the Committee may be adopted. Mr. Muhammad Zamin Khan, please.
Mr. Muhammad Zamin Khan: Thank you, Sir. I beg to move that the report of the Standing Committee No. 20 on Planning and Development Department may be adopted please.
Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the report of the Standing Committee No. 20 on P&D may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it; the report is adopted.

یہ ایک مشترکہ قرارداد ہے۔ڈاکٹر اقبال دین فنا صاحب، پلیز۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

ڈاکٹر اقبال دین: محترم سپیکر صاحب، اس کیلئے استدعا ہے کہ رول 240 کے تحت رول 124 کو معطل کرکے اس کی اجازت دی جائے۔

Mr. Acting Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may relaxed under rule 240, to allow the honourable Members/ Ministers to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The honourable Members and Ministers, to please move their resolution.

قراردادیں

ڈاکٹر اقبال دین: Thank you very much۔ سر، یہ ایک مشترکہ قرار داد ہے، اس میں جناب قلندر خان لودھی صاحب، جناب سینیئر منسٹر بشیر بلور صاحب، جناب ملک قاسم صاحب، جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب، جناب جاوید عباسی صاحب، جناب عبدالاکبر خان صاحب اور میرا نام بھی شامل ہے، میں یہ مشترکہ قرارداد پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔

"صوبہ پختونخوا کے دو اضلاع کوہاٹ اور کرک میں تیل اور گیس کے کنویں موجود ہیں، جہاں سے تیل اور گیس کی پیدا وار کو تجارتی بنیادوں پر فروخت کیا جاتا ہے ۔ Pakistan Petroleum Exploration and Production Rules, 1986 کی شق 36 (2) کے مطابق صوبوں کو مذکورہ پیداوار پر ساڑھے بارہ فیصد کے حساب سے رائلٹی دی جاتی ہے۔ صوبے میں مذکورہ دو اضلاع میں 2004ء سے تیل اور گیس کی پیداوار شروع ہوئی اور ابھی تک صرف تیل اور گیس کی پیداوار پر رائلٹی کی ادائیگی ہو رہی ہے جبکہ مصدقہ اطلاعات کے مطابق ضلع کوہاٹ میں واقع کنوؤں سے حاصل ہونے والی گیس سے بھاری مقدار میں ایل پی جی تیار کی جاتی ہے اور مارکیٹ میں 86,270 روپے فی میٹرک ٹن کے حساب سے فروخت کی جاتی ہے۔ ایک مصدقہ اطلاع کے مطابق کوہاٹ کے کنوؤں سے 2004ء سے 2010ء تک 21,771 میٹرک ٹن ایل پی جی تیار کر کے فروخت کی گئی۔ وفاقی وزارت پیٹرولیم نے نہ تو صوبہ خیبر پختونخوا کو ایل پی جی کی پیداوار کے بارے میں آگاہ کیا اور نہ ہی واجب الادا رائلٹی ایل پی جی کی فروخت کے حساب سے ادا کی جو کہ صوبے کے ساتھ صریحاً ناانصافی ہے۔ یہ اسمبلی متفقہ طور پر مطالبہ کرتی ہے کہ صوبائی حکومت کو صحیح فروخت شدہ ایل پی جی پر رائلٹی کی ادائیگی کی جائے اور آئندہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ صوبائی حکومت کو ایل پی جی کی پیداوار سے باخبر رکھتے ہوئے رائلٹی ادا کی جائے"۔ مہربانی۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: اور بھی پڑھنا چاہتے ہیں؟ میرے خیال میں Sufficient ہو گیا کیونکہ ٹائم کا،

The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Acting Speaker</u>: The 'Ayes' have it; the resolution is adopted unanimously. بی بی! تا سو څه وئیل ؟

<u>محترمہ تبسم شمس</u>: Thank you Mr. Speaker۔ میں ریکویسٹ کرنا چاہتی ہوں کہ چونکہ Rule relax ہے تو مجھے بھی اس قرارداد کو پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: اجازت ہے۔

<u>محترمہ تبسم شمس</u>: تھینک یو، جی۔ یہ اسمبلی وفاقی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ عورتوں پر گھریلو تشدد کے حوالے سے جو بل ہے، Violence Against Women جو سینٹ سے کسی وجہ سے Lapse ہو

گیا تھا، براہ مہربانی اس کو دوبارہ کچھ ترامیم کے ساتھ پیش کیا جائے تاکہ اس پر عمل درآمد شروع کیا جاسکے۔

Thank you very much۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it; the resolution is adopted unanimously. The next one is of Mr. Israrullah Khan Gandapur Sahib.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ وہ متعلقہ سیکرٹریٹ کو ہدایات جاری کرے کہ یو ایس ایڈ و دیگر ڈونرز کی طرف سے جاری شدہ اور نئے منصوبے جو کہ ورک پلان کا بھی حصہ ہیں، کی جلد از جلد تکمیل کو نہ صرف فاٹا، ایف آر بلکہ ملحقہ بندوبستی اضلاع میں بھی یقینی بنائے۔ ساتھ ہی وفاقی حکومت متعلقہ سیکرٹریٹ کو ہدایت کرے کہ فاٹا، ایف آر کے ساتھ ملحقہ اضلاع میں بھی اس قسم کے ترقیاتی منصوبوں کی حوصلہ افزائی کرے کیونکہ گاہے بہ گاہے آپریشنز کی وجہ سے ان متاثرہ علاقوں کے افراد ملحقہ اضلاع کا رخ کر رہے ہیں جس کی وجہ سے ان اضلاع کے انفراسٹرکچر پر بوجھ پڑ رہا ہے، اس لئے ان اضلاع کا بھی یو ایس ایڈ و دیگر ڈونرز پروگرام پر حق ہے، لہذا ان اضلاع میں بھی ترقیاتی عمل پر توجہ دی جائے۔ شکریہ، سر۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it; the resolution is adopted unanimously.

ملک قاسم خان خٹک: ما ته هم اجازت راکړه چه زه هم خپل یو ریزولیوشن پیش کړم۔

جناب قائم مقام سپیکر: دا یو شیز نه دے ، د اقبال دین فنا والا ، دا چه کوم اووئیلے شو؟

ملک قاسم خان خٹک: نه نه، دا نه دے سر ، هغه بیل دے۔

جناب قائم مقام سپیکر: د ډاکټر فنا والا۔ ملک قاسم صاحب، پلیز۔

ملک قاسم خان خٹک: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ مشترکہ قرارداد از صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا: جناب ملک قاسم خان خٹک، جناب جاوید اقبال عباسی صاحب، محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ، جناب اسرار اللہ گنڈاپور صاحب، جناب قلندر خان لودھی صاحب، جناب عبدالاکبر خان صاحب، جناب بشیر بلور صاحب اور جناب نصیر محمد خان میداد خیل صاحب۔

"یہ صوبائی اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ وفاق میں 10-2009ء کے پی ایس ڈی پی میں ضلع کرک کیلئے MPB-2 شنوار یورینئیم پراجیکٹ کے نام سے جو کہ ایشیاء کا سب سے بڑا پراجیکٹ ہے اور پاکستان اٹامک انرجی کے زیر اہتمام اس کو پانچ سو بلین روپے کی منظوری دی جاچکی تھی، 10-2009 میں اس پراجیکٹ پر کروڑوں روپے خرچ کئے گئے مگر 11-2010 کے پی ایس ڈی پی میں مذکورہ پراجیکٹ پر کام بند کرکے فنڈ نہیں دیا جارہا ہے، جس سے صوبے کے عوام میں غم وغصے کی لہر دوڑ گئی ہے، لہذا یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت سے، وزیراعظم پاکستان سے، وزیر خزانہ سے سفارش کرتی ہے کہ منصوبے کی قومی اہمیت کے پیش نظر فنڈ جاری کرکے پراجیکٹ پر کام جاری رکھا جائے جس سے پاکستان کی معیشت میں کافی تبدیلی متوقع ہے"۔ شکریہ جناب۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it; the resolution is adopted unanimously. Now the next one is of Hidayatullah Sahib, Zakirullah Sahib, Badshah Saleh Sahib, Muhammad Zamin Khan.

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ملاکنڈ ڈویژن کے قرضہ جات اور یوٹیلٹی بلز وغیرہ معاف کردیئے گئے تھے جس میں سے اب دیر بالا اور دیر پائیں کو نکال دیا گیا ہے۔ جناب والا! دیر پائیں اور بالا کے عوام نے دہشت گردی کا مردانہ وار مقابلہ کیا ہے اور کئی افراد شہید بھی ہوگئے ہیں اور ہر قسم کا کاروبار تباہ ہوچکا ہے، لہذا اسٹیٹ بینک سے جو نوٹیفیکیشن جاری کردیا گیا تو اس میں دیر بالا اور دیر پائیں شامل کیا جائے"۔

جناب قائم مقام سپیکر: بس د وئیلو ضرورت خو نشته، ټول یو شیز دے نو د وینا ضرورت نشته، هغوی اووئیلو۔

جناب بادشاہ صالح: د اپر دیر نه به زه پیش کړم کنه جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: بادشاہ صالح صاحب۔

جناب بادشاہ صالح: جناب سپیکر صاحب، "یہ صوبائی اسمبلی مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن کے قرضہ جات اور یوٹیلٹی بلز وغیرہ معاف کر دیئے گئے ہیں جس میں سے اب دیر بالا اور پائیں کو نکال دیا گیا ہے۔ جناب والا، دیر پائیں اور دیر بالا کے عوام نے دہشت گردی کا مردانہ وار مقابلہ کیا ہے اور کئی افراد شہید بھی ہو گئے ہیں اور ہر قسم کا کاروبار تباہ ہو چکا ہے، لہذا سٹیٹ بینک سے جو نوٹیفیکیشن جاری کر دیا گیا ہے، اس میں دیر بالا اور پائیں کو شامل کیا جائے"۔ شکریہ۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by honourable Members may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The ‘Ayes’ have it; the resolution is adopted unanimously. “In exercise of the power conferred by Clause (b) of Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Barrister Syed Masood Kausar, Governor of the Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the Provincial Assembly shall stand prorogued on Monday, 14th February, 2011 till such date as may hereafter be fixed”. Thank you very much.

(اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کر دیا گیا)